قطر کے وزیر اعظم نے رہبر معظم کے بین الاقوامی امور کے مشیر سے ملاقات کی - 28 /Feb/ 2008

قطر کے وزیر اعظم شیخ جاسم آل ثانی نے تہران کے دورے کے دوران رہبر معظم کے نام امیرقطر کے پیغام کو رہبر معظم حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کے بین الاقوامی امور کے مشیر ڈاکٹر ولایتی کو پیش کیا ہے۔
اس ملاقات میں ڈاکٹر ولایتی نے جمہوری اسلامی ایران اور قطر کے باہمی روابط کو خوب توصیف کرتے ہوئے کہا: علاقائی ممالک کے درمیان باہمی تعاون کو فروغ دینا علاقے کی سلامتی کے لئے بہت ہی اہم ہے جس کی بنا پر بیرونی طاقتیں علاقائی عوام کے مفادات پر طمع کی نظر نہیں رکھ سکیں گیـ
قطر کے وزیر اعظم نے بھی اس ملاقات میں قطر اور ایران کے درمیان باہمی روابط کے فروغ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ ایران اور قطر کے تعلقات دوسرے عربی ممالک کے لئے بہترین نمونہ ہیں قطر کے وزیر اعظم نے قطر کےعرب سربراہی اجلاس میں ایران کے صدر احمدی نژاد کی شرکت کو اہم قراردیتے ہوئے کہا: قطر دونوں ممالک کے باہمی روابط کو توسیع دینے کا خواہشمند ہے ۔

قطر کے وزیر اعظم نے کہا: فلسطین ، لبنان اور عراق کے بارے میں ایران اور قطر کے نظریات مشترک ہیں اور دونوں ممالک باہمی تعاون کے ذریعہ فلسطینی عوام کی مشکلات اور لبنانی اختلافات کو دور کرنے میں مدد فراہم کرسکتے ہیں۔